مدیر کے نام

عبدالرشید بھٹی، کراچی

تربیت کے اہم موضوع پر مکمل کتاب کا ارادہ (نومبر۹۶) اور اس کا آغاز نہایت مبارک ہے۔ یقیناً یہ آپ کی زندگی بھر کے تجربات اور مطالعے کی عکاس ہو گی۔ طرز تحریر توجہ کو کھینچنے والا ہے۔

نورور جان، پشاور

تزکیہ و تربیت کے موضوع پر ہمارے علما نے بہت لکھا ہے لیکن کسی جدید تعلیم یافتہ شخص کی جامع اور مربوط تحریر کی شاید یہ پہلی مثال ہو۔ اس کا انداز بھی اپنا ہے۔ یہ منفرد تحریر اس دور کے افراد خصوصاً نوجوانوں کو زندگی سنوارنے میں فی الواقع مدد دے گی۔

محمد سلیم، رحیم یار خاں

آپ تو ہر طرف سے گھیر گھار کر تربیت کے راستے پر لانے کی کوشش کرتے ہیں لیکن' پر طبیعت ادھر نہیں آتی' کا کیا جواب ہے۔

ایم ایم قاسمی، وزیر آباد

اپنی تربیت کیسے کریں (نومبر۹۶) بہت پسند آیا۔ نومبر کے شمارے میں علامہ اقبالؒ پر کسی تحریر کا نہ ہونا بہت محسوس ہوا۔

افضل خان، کبل سوات

میں ایک طالب علم ہوں۔ پہلے ترجمان پڑھتا تھا تو بوریت محسوس کرتا تھا۔ گذشتہ چند شمارے غور سے پڑھے تو بہت دلچسپ محسوس ہوئے۔ اپنی تربیت کیسے کریں' بہت زبردست ہے۔ یقیناً یہ رسالہ طالب علموں کے لیے بھی نہایت مفید ہے۔

عرفان جعفر، لاہور

بیوی کا مرتبہ (نومبر۹۶) میں عبدالماجد دریا بادی کے مخصوص طرز تحریر میں ہمارے گھرانوں کے اہم مسائل کی طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ ماضی کے علمی ورثے سے قارئین کو آگاہ کرنا' ترجمان کی بڑی خدمت ہے اور نوجوان نسل کی تربیت کا ذریعہ بھی ہے۔ اس سلسلے کو تواتر سے آگے بڑھانے کی ضرورت ہے۔ اس سے یہ احساس بھی ہوا